سوال

(141) عورتوں کے فتنے سے بچنے کا طریقہ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میں انیس برس کا ایک غیر شادی شدہ نوجوان اور ایک عورت کے حسن وجمال سے بہت متاثر ہوں، مجھے کیا کرنا چاہیے، جس سے میں اس عورت سے دور ہو جاؤں جس کے بارے میں ہر وقت سوچتا رہتا ہوں اور جو بری طرح میرے اعصاب پر سوار ہے؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

عورتوں کی طرف دیکھنے کے بجائے اپنی نگاہ نیچی رکھیں۔ ان کے بارے میں سوچنا ختم کر دیں اور یہ یاد کریں کہ عفت وپاکدامنی اختیار کرنے والوں اور حرام سے بچنے والوں کے لئے اللہ تعالیٰ نے کیا کچھ تیار فرما رکھا ہے، جلد شادی کے لئے بھی کوشش کریں کیونکہ اس سے بھی نظریں نیچی ہوں گی، شرم گاہ کی حفاظت ہوگی اور عورتوں کے بارے میں سوچ وبچار ختم ہو کر آپ کی توجہ حلال اور مباح تک محدود ہو جائے گی۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

کتاب النکاح: جلد 3 صفحہ 121

محدث فتویٰ